اماں جب اسکول گئیں

Author: Nandini Nayar
Illustrator: Ruchi Shah
Translator: Shahid Anwar

"کاسنی! میں آج تمہارے اسکول گئی تھی۔" اماں نے ایک دن کہا۔ "اچھا!" کاسنی نے کہا۔ "وہاں گیٹ کھلا ہوا تھا اور دربان غائب تھا۔" "ارے ہاں، وہ تو ہمارے کلاس میں آیا تھا یہ دیکھنے کہ ہماری باجی کیوں چلائی تھیں!" "تمہاری باجی کیوں چلائی تھیں؟" اماں نے پوچھا۔ "کیونکہ روہن زور سے رونے لگا تھا۔"

"مگر روہن رو کیوں رہا تھا؟" اماں جاننا چاہتی تھیں۔ "کیونکہ وہ جو سانپ چڑیا گھر سے لے کر آیا تھا اس نے اس کے پالتو چوہے کو کھاڈالا تھا۔ اور تب باجی چلائی تھیں اور دربان دوڑتے ہوئے اندر آیا تھا۔" "لیکن میں تو تمہارے کلاس میں گئی تھی...... وہاں تو کوئی بھی نہیں تھا۔" اماں بولیں۔

"ہم سبھی تو ٹیچر والے کمرے میں چھپے ہوئے تھے،" کاسنی نے کہا، "کیونکہ روہن کا سانپ ہمارے کلاس میں جو تھا۔"
"لیکن کاسنی جب میں ٹیچر والے کمرے میں گئی تو مجھے وہاں کوئی نظر نہیں آیا!"

"وہ اس لیے اماں کہ ہم سب پرنسپل کے کمرے کی طرف بھاگ گئے تھے۔" کاسنی نے کہا، "کیونکہ روہن کا سانپ ہمارے پیچھے لگا ہوا تھا۔"

"جب میں پرنسپل کے کمرے میں گئی تو وہ خالی پڑا تھا۔" اماں نے کہا۔

"ہم وہاں رک نہیں پائے،" کاسنی نے کہا، "کیونکہ روہن کا سانپ اسے ڈھونڈ رہا تھا اس لیے ہم لوگ چھت پر چڑھ گئے اور گھنٹی بجنے تک وہیں رکے رہے۔"

"اور میں تمہاری راہ دیکھتی رہی، اسکول میں بالکل اکیلے! اماں نے کہا۔

"نہیں، تم اکیلے کہاں تھی، سانپ بھی تو تمہارے ساتھ تھا!" "سانپ! باپ..... رے!" اماں کے منہ سے نکلا اور وہ دھپ سے کرسی پر بیٹھ گئیں۔

Story Attribution:

This story: اماں جب اسکول گئیں is translated by Shahid Anwar . The © for this translation lies with Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'When Amma Went to School', by Nandini Nayar . © Pratham Books , 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Amma Jab School Gayeen' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Lady scared of snake, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Mother talking to daughter, and a building in the background, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Boy crying, snake in a classroom and people looking scared, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Scared children looking at a snake , by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Children running away from snake in a classroom, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Girl climbing a ladder on to the top of a building, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Girl smiling and lady sitting on a chair, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

اماں جب اسکول گئیں

(Urdu)

کاسنی کی اماں ایک دن اس کے اسکول گئیں لیکن وہاں کوئی نہیں تھا! کاسنی، اس کی دوست، ٹیچر اور یہاں تک کہ پرنسپل بھی نہیں تھے۔ وہ سب کہاں غائب ہو گئے تھے؟

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.